4409CH04

# 4 ٹک۔ٹک۔ٹک (Tick-Tick-Tick)

پمپوش اور شازیہ گفتگو کر رہی تھیں کہ کس کا گھر اسکول سے زیادہ دور ہے۔












## مشق کا وقت

1) تین دوست ایک دیوار گھڑی سے وقت پڑھتے ہیں۔ کون صحیح ہے؟


| | چیکو | بٹّو | پنکی |
|---|---|---|---|
|  | 12:03 | 12:15 | 3:00 |
|  | 7:25 | 5:07 | 5:35 |
|  | 3:35 | 7:03 | 7:15 |

© NCERT not to be republished

2) دیوار گھڑی میں مندرجہ ذیل وقت دکھائیے:



4:45




6:40



3:10



7:35



3:15



2:20

کیا آپ آسمان دیکھنا پسند کرتے ہیں؟ اگر ہاں تو اس میں آپ کو مزہ آئے گا۔

a) آپ کے شہر میں سورج کتنے بجے طلوع ہوتا ہے؟ ____________________



b) سورج کس وقت غروب ہوتا ہے؟ ____________________



کیا سورج روزانہ ایک ہی وقت پر طلوع اور غروب ہوتا ہے؟



اخبار کے ذریعہ مختلف مہینوں میں سورج کے طلوع اور غروب ہونے کے اوقات معلوم کیجیے۔

© NCERT not to be republished


تصویر کو دیکھیے اور اس مقام پر وقت کا اندازہ لگائیے۔



یہ تصویر فرانس کے شہر پیرس میں لی گئی تھی۔ پیرس میں موسم گرما کے دوران سورج رات کے 9 بجے کے بعد غروب ہوتا ہے۔ یہ تصویر رات میں لی گئی تھی! لیکن جاڑے کے موسم میں یہاں 4 بجے شام تک اندھیرا ہو جاتا ہے۔


3) معلوم کیجیے۔

* منٹ کی سوئی کو دکھائی گئی تصویر کے مطابق ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنے میں کتنا وقت لگے گا۔

(a  ______

(b  ______


(c  ______

(d  ______

© NCERT not to be republished

* سوئیوں کو تصویر میں کھینچ کر دکھایئے کہ وہ کہاں ہوں گی:

a) 6 بجنے کے 20 منٹ بعد



c) 7 بجنے کے 10 منٹ بعد



b) 8 بجنے کے 30 منٹ بعد



d) 5 بجنے کے 15 منٹ بعد



* آپ کے اسکول میں اسمبلی یا مجلس کتنے وقفہ تک لگتی ہے؟ ______________

آپ کے کھانے کا وقفہ کتنی دیر کا ہوتا ہے؟

______________

آپ کے گیم کا پیریڈ کتنی دیر کا ہوتا ہے؟

______________

کیا یہ دوسرے پیریڈوں کے برابر وقفہ کا ہوتا ہے؟

______________








not to be republished

* ان سرگرمیوں میں کتنے منٹ لگتے ہیں؟ ایک اندازہ لگائیں اور پھر گھر میں اس کی جانچ کریں۔



ایک لیٹر دودھ کا ابلنا



ایک بالٹی کا بھرنا



اپنے کمرہ میں جھاڑو دینا

## سرگرمی کا وقت



* ایک منٹ میں آپ کتنی بار کرسکتے ہیں :

a) اپنی انگلی کو چٹخانا ____________

b) ایک رسّی کودنا ____________

c) اوپر نیچے کودنا ____________

d) ____________ ____________

اس کالم میں اس طرح کی اور تفریحی سرگرمیاں لکھیں۔




* یہاں آپ کا ایک دوسرا امتحان/کی ایک دوسری آزمائش ہے۔ آپ کتنی دیر تک کرسکتے ہیں :

a) بغیر رکے بولنا ____________

b) ایک ٹانگ پر کھڑے ہونا ____________

c) آ آ آ آ۔۔۔بغیر رکے ہوئے گانا ____________

* آپ کو مندرجہ ذیل کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

a) 50 میٹر کے دوڑ میں ____________

b) زمین سے 50 کنکریاں جمع کرنے میں ____________

c) 1 سے 100 تک گننے میں ____________




© NCERT not to be republished

* ایک بار پھر گھڑی پر نظر ڈالیے! اسے حل کیجیے۔

(a منٹ کی سوئی نے '2' سے چلنا شروع کیا۔ پھر دوبارہ '2' پر واپس آنے میں اسے کتنے منٹ لگیں گے؟ ________

(b گھنٹہ کی سوئی کا کیا معاملہ ہے؟ کیا یہ بھی حرکت کرتی ہے؟ ایک عدد سے دوسرے عدد تک حرکت کرنے میں اسے کتنا وقت لگے گا؟

(c اپنے آس پاس دیکھیے اور ان سرگرمیوں کی فہرست بنایئے جنھیں پورا ہونے میں ایک گھنٹہ کا وقت لگتا ہے۔



1۔ ________

2۔ ________

3۔ ________

4۔ ________

5۔ ________

گھر پر کھانا پکانے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

ایک گھنٹہ سے زیادہ/ ایک گھنٹہ سے کم۔



اپنے والد سے پوچھیے کہ کیا وہ آپ کی امّی کی رفتار سے کھانا پکا سکتے ہیں؟ ہاں/نہیں

کس کھیل کو ختم ہونے میں ایک گھنٹہ سے کم وقت لگتا ہے؟

________

فٹ بال کا مقابلہ کتنی دیر تک چلتا ہے؟ ________

بچوں کو ان سرگرمیوں کو کرنے میں مزہ آئے گا جنھیں وہ ایک منٹ میں کر سکتے ہیں۔ گھر پر ہونے والے کاموں کے مشاہدہ سے ان کے اندر وقت کی حس کا ارتقا ہو پائے گا اور وہ دوسروں کی کوششوں کی قدر کرنا بھی سیکھ جائیں گے۔

© NCERT not to be republished


# رانی کی ڈائری




© NCERT not to be republished

## جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر

یہاں رانی کی ڈائری کے کچھ صفحے ہیں—




منیا کے وقت کی لائن پر ان سب کی صحیح ترتیب میں نشان لگائیے۔

5/3/05

پیدا ہوئی

* منیا کا پہلا دانت ستمبر میں نکلا۔ اس وقت وہ کتنے مہینہ کی تھی؟

مارچ سے ستمبر تک کتنے مہینے گزر گئے؟ ____________



* منیا کی تب کتنی عمر تھی، جب۔

a) وہ پہلی بار بیٹھی؟ ____________

b) اس کا پہلا دانت نکلا؟ ____________

* اس نے سب سے پہلے کیا کیا۔

1) چلنا/کیلا کھانا؟

2) رینگنا/کھڑے ہونا؟

رانی کے پاس ایک پالتو کتّے کا بچہ تھا۔ دو ہفتوں بعد اس نے اپنی آنکھیں کھولیں۔ اسے اس نے بڑا ہوتے ہوئے اس طرح دیکھا:



تین ہفتوں بعد اس کا پہلا دانت نکلا اور اس نے کھانا شروع کیا



7 مہینے ہوتے ہوتے اس کے سارے دانت نکل آئے۔



4 ہفتوں بعد۔ یہ اِدھر اُدھر چلنے لگا لیکن ابھی بھی لڑکھڑاتا تھا۔



ایک سال بعد، یہ ایک بالغ کتا تھا اور اس کے اپنے بچے ہوئے۔

* اپنی نوٹ بک میں اس کتے کی زندگی کی ایک ٹائم لائن بنائیے۔
* منیا اور رانی کے پپی کے درمیان فرق کو نوٹ کیجیے۔

| حالتیں | منیا (عمر) | کتے کا بچہ (عمر) |
|---|---|---|
| چلنا شروع کیا | | |
| پہلی بار غذا کھائی | | |
| پہلا دانت نکلا | | |

© NCERT not to be republished

## معلوم کیجیے

کیا سب جانور ایک ہی رفتار سے بڑھتے ہیں؟

مندرجہ ذیل کیسے بڑھ کر جوان ہوئے ہیں اس پر تبادلہ خیال کیجیے۔



1۔ ایک مرغی

2۔ ایک گائے

3۔ ایک پرندہ

جانوروں کے بچوں اور بالغ جانوروں کی تصویریں بنائیے

یہ بوڑھوں کی تصویریں ہیں جو فوٹوگراف کھنچوانے کے لیے تیار ہیں۔ آپ کو سب سے ضعیف کون لگتا ہے؟



ہاتھی اپّو کے دادا
(95 سال ضعیف)



چوچو چوہے کے دادا
(2 سال کی عمر)



رانی کے دادا
(70 سال کی عمر)

* اپّو کے دادا رانی کے دادا سے کتنے ضعیف ہیں؟ ____________

* کیا چوچو کے دادا کبھی بھی اپّو کے دادا کی عمر کے ہو پائیں گے؟ ____________

* چوچو چوہے کے دادا کی عمر رانی کے دادا کی عمر سے کتنی کم ہے؟ ____________

مختلف حیوانات کی عمر اور نشوونما کا طریقہ معلوم کرنے کے لیے استاد اور طلبا کے لیے یہ بہترین موقع ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اس طرح کی معلومات پر بغیر یاد کیے ہوئے موازنہ اور بحث کی جائے۔

© NCERT not to be republished

# چھٹیوں کے دن، تفریح کے دن

عاطف کے چھٹیوں کے دن شروع ہو گئے تھے۔ وہ بہت جوش میں تھا۔ اس نے کچھ عجیب غریب منصوبے تیار کیے اور اپنی چچازاد بہن شبانہ کو بتانا چاہتا تھا۔ اس لیے اس نے اسے ایک خط لکھا۔

اجمیر
1/5/06

پیاری شبانہ آپا،

السلام علیکم



آپ کیسی ہیں؟ میں یہاں ٹھیک ہوں۔ آپا، میری چھٹیاں آج سے شروع ہو گئی ہیں! میں 5/5/06 کو نانی کے یہاں جا رہا ہوں۔ میں 20/5/06 کو واپس آؤں گا۔ میرا اسکول 30/6/06 کو پھر سے کھلے گا۔ آپ کا اسکول کب بند ہوتا ہے؟ آپ یہاں کیوں نہیں آتی ہیں؟ ہم لوگوں کو بہت مزہ آئے گا۔

بقیہ آئندہ، خدا حافظ

عاطف

شبانہ، جو ناگپور میں رہتی ہے، اسے یہ خط 6/5/06 کو ملا۔ اس نے عاطف کو جوابی خط لکھا۔

ناگپور
7/5/06



پیارے عاطف

دُعائیں!

میں یہاں خیریت سے ہوں۔ کل تمہارا خط ملا۔ چھٹیاں مبارک ہوں! میرا اسکول یکم جون 2006 سے بند ہوگا۔ یہ پھر دس اگست کو کھلے گا۔ میں اسکول کے تفریحی سفر پر گوا جاؤں گی اور 7/6/06 کو واپس آؤں گی۔ اس کے بعد میں اجمیر آنے کی کوشش کروں گی۔ خدا حافظ

شبانہ

عاطف نے اپنا خط 1/5/06 کو لکھا تھا۔ آپ کو یاد ہے کہ ہم لوگ اعداد میں تاریخ کیسے لکھتے ہیں؟

1/5/06 سے مراد 1 مئی 2006 ہے۔

© NCERT not to be republished

اب لکھیے کہ مندرجہ ذیل سے کون سی تاریخ مراد ہے۔



5/5/06 — 5/مئی 2006 ____________

20/5/06 ____________

7/6/06 ____________

1/1/07 ____________

ان تاریخوں کو اعداد میں لکھیے۔

1/جون 2006 ____________

30/جون 2006 ____________

10/اگست 2007 ____________

* خط کو اجمیر سے ناگپور پہنچنے میں کتنا وقت لگا؟ ____________
* عاطف اپنے نانی کے گھر کتنے دن گزارے گا؟ ____________
* جدول کو پُر کیجیے:




| | تاریخیں سے | تک | دنوں کی تعداد |
| --- | --- | --- | --- |
| شبانہ کی چھٹی | | | |
| عاطف کی چھٹی | | | |

کس کو لمبی چھٹیاں ملیں — شبانہ یا عاطف؟

* آپ کو اسکول میں کون سی لمبی چھٹی ملتی ہے؟ جدول کو بھریے۔

| موقع | تاریخیں سے | تک | دنوں کی تعداد |
| --- | --- | --- | --- |
| گرمی کی چھٹیاں | | | |
| پت جھڑ کی چھٹیاں | | | |
| سردی کی چھٹیاں | | | |
| امتحان کے بعد کی چھٹیاں | | | |

© NCERT not to be republished

چندرن 15 مئی 2006 کو مکھن خریدنے کے لیے ایک دُکان پر گیا۔ اس نے پیکٹ کی جانچ کی کہ مکھن کھانے کے لیے محفوظ ہے یا نہیں۔




پیکٹ پر یہ لکھا تھا— پیکنگ کی تاریخ سے 180 دن تک بہتر قابلِ استعمال

تب اس نے پیکنگ کی تاریخ دیکھی۔ یہ 15/1/06 تھی۔

اس کو مشورہ دیجیے کہ اسے یہ مکھن خریدنا چاہیے یا نہیں۔

— مکھن کس مہینہ میں پیک کیا گیا تھا؟ __________


— 15/01/06 کے بعد کس مہینہ میں اس کے 180 دن مکمل ہوں گے؟ __________

— کیا چندرن اسے 15 مئی 2006 کو کھا سکے گا؟ __________

آپ جب چیزیں خریدتے ہیں تو کیا اس پر پیکنگ کی تاریخ دیکھتے ہیں؟

کیا آپ نے دوائیں دیکھی ہیں جن پر **استعمال کی آخری تاریخ** (Expiry Date) لکھی ہوتی ہے؟ یہ آپ کو بتاتی ہے کہ اس تاریخ کے بعد یہ دوا کھانا نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

## معلوم کیجیے




* **اور کون سی چیزیں ہیں جو اختتامی تاریخ کے ساتھ آتی ہیں؟**

کھانسی کے سیرپ پر یہ لکھا تھا:

(Mfg. Date) مینوفیکچرنگ یا بنانے کی تاریخ 07/03

یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ جولائی 2003 میں بنایا گیا تھا۔

(Exp. Date) اکسپائری تاریخ 07/05

یہ وہ مہینہ اور سال ظاہر کرتا ہے جب تک اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

* کون سا مہینہ اور سال 07/05 کی حیثیت سے لکھا جاتا ہے؟ __________


کیا کھانسی کے سیرپ کو ستمبر 2005 میں پینا محفوظ ہوگا؟ __________

بچوں سے یہ توقع نہیں ہے کہ وہ مینوفیکچرنگ اور اکسپائری جیسے الفاظ کو جانتے ہوں، یہ صرف اس لیے کہ وہ یہ پہچان لیں کہ کوئی دوا کب بنی اور کب تک اسے لینا محفوظ ہے۔ استاد کو چاہیے کہ وہ بچوں کو اور دیگر مختلف مصنوعات کی ان تاریخوں کو پڑھنے اور مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔


© NCERT not to be republished

## ٹوٹون کی ٹرین چھوٹ گئی

ٹوٹون کا اسکول گرمی کی چھٹی کے لیے بند ہو گیا تھا۔ وہ اپنی دادی کے گھر گیا۔ وہاں بہت سے چچازاد بھائی بہنوں سے اس کی ملاقات ہوئی۔ وہاں اسے بہت مزہ آرہا تھا اور وہ گھر واپس نہیں جانا چاہتا تھا۔







ٹوٹون اور اس کے والدین اسٹیشن پر 5:15 پر پہنچے۔ لیکن سوچیے کیا ہوا؟ ان لوگوں کی ٹرین حقیقتاً چھوٹ چکی تھی!




کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان کی ٹرین کیوں چھوٹی؟


حقیقت میں ٹرین 5:30 بجے صبح میں جاچکی تھی! ٹوٹون کے والدین پریشان تھے۔ انہوں نے اسٹیشن ماسٹر سے پوچھا۔




| ہماری گھڑی کے ذریعہ وقت (12 گھنٹہ والی گھڑی) | 24 گھنٹہ والی گھڑی کے ذریعہ وقت |
|---|---|
| دوپہر میں 1 بجے | 13:00 گھنٹے |
| دوپہر میں 2 بجے | 14:00 گھنٹے |
| دوپہر کے 3 بجے | ________ |
| دوپہر کے 3:30 بجے | 15:30 گھنٹے |
| شام کے 6 بجے | ________ |
| شام کے 9 بجے | ________ |
| رات کے 12 بجے | ________ |

© NCERT not to be republished




مان لیجیے ایک ٹرین رات کے 8:30 بجے روانہ ہوتی ہے۔ وقت جو ٹکٹ پر لکھا ہوگا وہ ہے ________




آپ نے سورج کے طلوع اور غروب ہونے کا وقت ضرور نوٹ کیا ہوگا۔ یہاں am اور pm کا استعمال کر کے لکھیے۔



| | |
|---|---|
| سورج کے طلوع ہونے کا وقت | |
| سورج کے غروب ہونے کا وقت | |

آپ نے 24 گھنٹہ والی گھڑی کا استعمال کہاں دیکھا ہے؟

1۔ ________

2۔ ________

3۔ ________

© NCERT not to be republished